اطلاع

ہم آپ کو اطلاع کرر ہے ہیں کہ مورخہ 22 نومبر 2010 کو قانون سازی کا صدارتی حکم نامہ نمبر 114 نافذ ہو چکا ہے۔

اس نئے قانون کی رو سے سیاسی پناہ مانگنے والے غیر ملکی/ پردیسی جن کی درخواست صدارتی حکم نامہ نمبر 81 مورخہ 30/06/2009 کے تحت رد کی جا چکی ہے۔ وہ اپنے مطالبات دوبارہ زیر غور لانے کے لیے اپیل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

اس قانون سازی کے زمرے میں وہ تمام منفی فیصلے جو سیاسی پناہ حاصل کرنے کے مطالبے پر اتیکی/ تھیسالونیکی میں غیر ملکیوں کے لیے قائم ڈائریکٹریٹ کے چیف اور/ ملک کے پولیس ڈائریکٹریٹ کے چیف (انسپکٹر جنرل) نے صادر کیے ہیں، شامل ہیں۔

اپیل کرنے کے اس حق سے فائدہ اٹھانے کے لیے وہ لوگ (غیر ملکی) قابل تصور ہوں گے۔ جنھوں نے ہائی کورٹ میں اپیل کی درخواست دائر نہ کی ہو اور نہ ہی اپنے مطالبے سے دست برداری کے لیے درخواست دی ہو۔

اپیل دائر کرنے کی حد آخری تاریخ 20 فروری 2011 ہے۔

دلچسپی رکھنے والے ان متعلقہ اداروں سے رجوع کریں۔ جہاں سے ان کو فیصلے موصول ہو چکے ہیں تا کہ آئندہ کے لائحہ عمل کے لیے راہنمائی حاصل کر سکیں۔